پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن: ۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

امریکہ نے اتر پردیش کے شہروں میں دہشت گردانہ حملوں کی مذمت کی

نئی دلی 23 نومبر 2007: امریکی سفارتخانہ نے آج فیض آباد، بنارس اور لکھنؤ میں سلسلے وار دہشت گردانہ حملوں کی مذمت کی ہے جو صاف طور پر قانون اور انصاف کے اداروں کے خلاف کئے گئے ہیں۔ ہم ان مجرمانہ کارروائیوں کا شکار ہونے والوں اور انکے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ایسی سفاکانہ کارروائیاں تمام نیک نیت لوگوں اور بین الاقوامی برادری میں ہندوستان کے دوستوں کے دہشت گردی کو شکست دینے اور قانون کی حکمرانی کی بنیاد پر امن قائم کرنے کے عزم کو مضبوط کرتی ہیں۔

☆☆☆